سوال

کیا شادی کارڈوں پر بسم اللہ لکھنی جائز ہے، کیونکہ انہیں بعد میں سڑکوں اور کوڑے کی ٹوکری میں پھینک دیا جاتا ہے؟

جواب

الحمد للہ

خطوط اور کارڈوں پر بسم اللہ لکھنی مشروع اور جائز ہے، اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی خطوط لکھنے کی ابتداء بسم اللہ سے کرتے تھے۔

لیکن یہ جائز نہیں کہ جسے بھی یہ کارڈ یا پھر وہ خط جس میں بسم اللہ یا پھر کوئی حدیث اور آیت لکھی ہوئی ہو ملے تو وہ اسے کوڑے کی ٹوکری میں یا پھر راستے پر پھینک دے۔

اور اسی طرح اخبارات وغیرہ جس پر اللہ تعالی کا نام اور احادیث و آیات ہوں پھینکنے جائز نہیں، اور نہ ہی انہیں کھانا کھانے کے لیے دسترخواں بنانا ہی جائز ہے، اور اسی طرح سودا سلف ڈالنے کے لیے اخباروں وغیرہ کے لفافے اور پڑیاں وغیرہ بنانا بھی جائز نہیں۔

یہاں یہ بات یاد رہے اس کا گناہ لکھنے والے پر نہیں بلکہ گناہ اس پر ہوگا جو اس کی بے حرمتی اور ناجائز کام کرے گا۔

واللہ اعلم